Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پنجاب کی صوبائی حکومت کی جانب سے ہتکِ عزت ترمیمی بل 2024 منظور کیے جانے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے ہتک عزت بل کو 'کالا قانون' قرار دے کر مسترد کر دیا

ہتک عزت کے نئے قانون کی آڑ میں آزادی اظہار رائے اور آئین کے آرٹیکل 19 اور 19 اے پر قدغن لگائی جا رہی ہے جو قابل مذمت ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوام کی رائے کو دبانے کیلئے اس قسم کی احمقانہ قانون سازی کی کسی بھی مہذب اور جمہوری معاشرے میں ہر گز کوئی گنجائش نہیں، ترجمان تحریک انصاف

اس کالے قانون کا مقصد مینڈیٹ چور وزیر اعلیٰ کی جعلی حکومت بچانے کیلئے شہریوں کو بنیادی آئینی آزادی اور حقوق سے محروم کرنا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تنقید سے خائف غیر منتخب حکومت کے غیر آئینی طریقے سے منظور کروائے گئے بل کی کوئی آئینی و قانونی حیثیت نہیں، ترجمان تحریک انصاف

عوامی مینڈیٹ چرا کر ایوانوں تک پہنچنے والی کٹھ پتلیاں اپنے ناجائز اقتدار کو دوام بخشنے کیلئے آئین و قانون کے قتلِ عام کا راستہ اختیار کرتی ہیں، ترجمان تحریک انصاف

فارم 47 کی وزیر اعلیٰ اور ان کے غلام اپنا سیاسی مستقبل تاریک ہونے کے خوف سے پارلیمان کو صحافت اور عدلیہ پر حملوں کیلئے استعمال کر رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ہتک عزت بل کے خلاف صحافتی تنظیموں کے مؤقف کا خیر مقدم کرتے اور آزادی صحافت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہیں، ترجمان تحریک انصاف

عدلیہ سے استدعا ہے کہ شہریوں کے بنیادی آئینی حقوق کا تحفظ یقینی بنائے اور اس کالے قانون کو کالعدم قرار دیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ